تم ان نیکیوں کے ساتھ اسلام لائے ہو‘‘

حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ سے مروی ہے، وہ فرماتے ہیں: میں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول ﷺ ! میں زمانہ جاہلیت میں عبادت کی نیت سے جو صدقہ دیتا تھا یا غلام آزاد کرتا اور صلہ رحمی کرتا تھا، کیا ان کا مجھے کوئی اجر ملے گا؟نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ’’تم ان نیکیوں کے ساتھ اسلام لائے ہو‘‘

[صحیح] [متفق علیه]

اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس حدیث میں یہ وضاحت فرمائی ہے کہ کافر جب اسلام لاتا ہے، تو اسلام لانے سے قبل زمانہ جاہلیت میں جو نیک اعمال اس نے کیے تھے، ان کا بھی اجر وثواب اسے ملتا ہے جیسے صدقہ و خیرات کرنا، غلاموں کو آزاد کرنا اور صلہ رحمی کرنا

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/65016